رہبر معظم کی طرف سے صوبہ کرمانشاہ میں اپنے نمائندے اور نئے امام جمعہ کا تقرر - 20 /Feb/ 2008

کرمانشاہ میں نئے امام جمعہ کا تقرر
رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنےایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمین حاج شیخ مصطفی علما کو کرمانشاہ میں نیا امام جمعہ اور صوبہ میں اپنا نمائندہ مقرر کیا ہے۔

رہبر معظم کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب مستطاب حجۃ الاسلام و ذخر الاعلام آقای حاج شیخ مصطفی علما (دامت افاضاتہ)

کرمانشاہ میں کئی سالوں تک جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقای حاج شیخ حسین زرندی (دامت افاضاتہ) کی گرانقدر خدمات پر تقدیر و تشکر کرتے ہوئے جناب عالی کو اس شہر اور صوبہ میں امام جمعہ اور اپنا نمائندہ منصوب کرتا ہوں۔کرمانشاہ کی سرزمین غیور اور بہادر عوام کی سرزمین ہے جنھوں نے اپنی دلیری ، شجاعت اور سچے ایمان کی شہرت کو مختلف دوران میں خصوصاً دفاع مقدس کے دوران عملی طور پر پایہ ثبوت تک پہنچایاہے۔جنگ کے دوران حملہ آوروں کے مقابلے میں ان کی پائمردی و استقامت اور صبر تحمل ایرانی عوام کے تاریخی خاطرات میں ہمیشہ باقی رہے گا۔

جناب عالی کا تعلق بھی اسی خطے کے دلیر عوام سے ہےاور الحمد للہ آپ زیور علم و عمل سے آراستہ و پیراستہ ہیں اور جن ذمہ داریوں کو بزرگ علماء اپنے دوش پر لئے ہوئے ہیں ان سے آشنا ہیں اور اس علاقہ کے مخلص عوام بالخصوص جوان آپ کی معنوی ، اخلاقی اور سماجی خدمات سے بہرہ مند ہونگے۔ انشاءاللہ

خدوند متعال کی بارگاہ سے آپ کی توفیق و تائید کا خواہاں ہوں ۔

والسلام علیکم و رحمة الله

سید علی خامنه ای

1/ اسفند/ 1386